© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

**جناب غلام محمد نیازی مرحوم:**

مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن جناب حاجی غلام رسول نیازی (فیصل آباد) کے بھائی جناب پروفیسر ڈاکٹر غلام محمد نیازی گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم سابق احرار رہنما جناب صوفی عبد الرحیم نیازی رحمہ اللہ کے فرزند تھے۔ مطالعہ وتحقیق کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ انھوں نے اپنے والد ماجد کی سوانح حیات لکھی اور مختلف موضوعات پر تحقیقی مضامین سپردِ قلم کیے۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

☆ **والد مرحوم محمد عاطف صاحب:** مجلس احرار اسلام ملتان کے رکن اور ہمارے کرم فرما جناب شیخ محمد عاطف صاحب کے والد ماجد ۱۲؍دسمبر کو انتقال کر گئے۔

☆ **جناب محمد سلیم مرحوم:** مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے صدر چودھری خادم حسین کے ماموں جناب محمد سلیم گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

☆ **محمد عدنان زمان مرحوم:** زمان ٹاؤن چیچہ وطنی۔ مدرسہ اور جماعت کے معاون۔ **چودھری عبدالستار مرحوم:** چودھری بشیر احمد جٹ ۱۱/۱۲۸ ایل ۷۱ دسمبر کو انتقال کر گئے۔ **مولوی محمد عطاء اللہ مرحوم:** شاعرِ ختمِ نبوّت محمد شریف راہی (چک نمبر ۱۰۹/۱۲ ایل، چیچہ وطنی) کے چھوٹے بھائی۔ ۲۲ دسمبر کو انتقال فرما گئے۔

☆ **لیاقت علی مرحوم:** بلاک نمبر ۱۵ چیچہ وطنی۔ جماعت کے خصوصی معاون اور جناب قاری محمد قاسم صاحب کے بہترین دوست۔

☆ **ملک ظہور احمد مرحوم:** ہمارے کرم فرما ملک محمد فاروق کریانہ مرچنٹس کبیر والہ کے بھائی ظہور احمد ماہ اگست ۲۰۱۱ء میں انتقال کر گئے تھے۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

- جناب پروفیسر عباس نجمی (لاہور) کی طبیعت شدید ناساز ہے احباب ان کی مکمل صحت یابی کے لیے خصوصی دعاء فرمائیں۔
- مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے صدر جناب ملک محمد صدیق کے فرزند جناب احمد صاحب شدید علیل ہیں۔

احباب سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com